16 مارچ2012ء

اسٹیٹ بینک نے مائیکروفنانس بینکوں کو چھوٹے کاروباری اداروں کے لیے پانچ لاکھ روپے تک قرض فراہم کرنے کی اجازت دے دی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مائیکروفنانس بینکوں کو چھوٹے کاروباری اداروں (microenterprises) کے لیے پانچ لاکھ روپے تک قرض فراہم کرنے کی اجازت دے دی ہے۔اسٹیٹ بینک کے اس فیصلے سے چھوٹے کاروباری اداروں کی بڑی مارکیٹ کی قرض کی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی اور مائیکروفنانس بینکوں کو اپنی قرضہ جاتی کارروائیوں میں تیزی لانے کا بھی موقع فراہم ہوگا۔اس سے قبل مائیکروفنانس کو 150,000 روپے تک کی رقم افراد کو بطور عمومی قرض (general purpose loans) فراہم کرنے کی اجازت تھی۔

اسٹیٹ بینک نے چھوٹے کاروباری اداروں کی مالکاری تک رسائی کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مائیکروفنانس بینکوں سے متعلق پروڈنشل ریگولیشنز 10 اور 11 میں ترامیم کی ہیں جو ''قرضے کی زیادہ سے زیادہ رقم اور مالی پراڈکٹس کی بنیادی شرائط وضوابط کے انکشاف'' اور ''مائیکروفنانس بینکوں/مائیکروفنانس اداروں/دیگر مالی اداروں/این جی اوز سے قرض لینے والے کے زیادہ سے زیادہ اکتشاف (exposure)'' سے متعلق ہیں۔

مذکورہ ضوابط میں 'microenterprise' کا مطلب ہوگا ٹریڈنگ/مینوفیکچرنگ/خدمات/زراعت کے شعبوں میں وہ پروجیکٹس یا کاروبار جن سے روزگار میں بہتری آئے اور آمدنی حاصل ہو۔مزید یہ کہ یہ پروجیکٹس/کاروبار ایسے کاروباری افراد چلا رہے ہوں جو یا خود روزگار ہوں یا ان کے ادارے میں ملازم افراد کی تعداد 10 سے زیادہ نہ ہو (وقتی لیبر کو چھوڑ کر)۔

جو قرض لینے والا عمومی اور مائیکروانٹرپرائز دونوں قسم کے قرضے لینے کا اہل ہوگا اس کا مجموعی اکتشاف 500,000 روپے سے زیادہ نہیں ہوسکتا۔مزید یہ کہ مائیکروفنانس بینکوں پر یہ پابندی ہوگی کہ ان کے مائیکروانٹرپرائز قرضے مجموعی قرضہ جات کے پورٹ فولیو کے 40 فیصد سے زیادہ نہیں ہوسکتے تاکہ مارکیٹ کے ہر جز (segment) کو قرضوں میں مناسب حصہ ملے۔

مائیکروفنانس بینکوں کو 'مائیکروانٹرپرائز' قرضے دینے سے پہلے اسٹیٹ بینک سے منظوری کے لیے ڈائریکٹر زرعی قرضہ جات اور مائیکروفنانس ڈپارٹمنٹ (AC&MFD) کو درخواست دینی ہوگی۔زرعی قرضہ جات اور مائیکروفنانس ڈپارٹمنٹ کے سرکلر نمبر 2 بتاریخ 16 مارچ 2012ء میں کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک درخواست دہندہ مائیکروفنانس بینک کی سرمائے کی پوزیشن اور تیاری کی سطح (readiness level) کا جائزہ لینے کے بعد اطمینان بخش نتائج کی صورت میں منظوری دے گا۔

سرکلر میں کہا گیا کہ آئندہ مائیکروفنانس بینکوں کو ہر قسم کے قرضہ کی سہولتوں کے لیے لازمی طور پر سی آئی بی رپورٹس حاصل کرنی ہوں گی نیز مائیکروفنانس بینکوں پر لازم ہوگا کہ وہ مندرجہ بالا ہدایات پر سختی سے عمل کریں اور عدم تعمیل کی صورت میں مائیکروفنانس انسٹی ٹیوشنز آرڈیننس 2001ء کے مطابق نمٹا جائے گا۔

☆☆☆